Prime Minister Shri Narendra Modi speaks on telephone with H. E. Mr. Naftali Bennett, Prime Minister of Israel

April 04, 2022

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے اسرائیلی وزیر اعظم، ہز ایکسی لینسی نفتالی بینیٹ سے ٹیلی فون پر بات کی

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج اسرائیلی وزیر اعظم، ہز ایکسی لینسی نفتالی بینیٹ سے ٹیلی فون پر بات کی۔

وزیر اعظم نے ہز ایکسی لینسی بینیٹ کو کووڈ-19 میں مبتلا ہونے کے بعد جلد صحت یاب ہونے کی دعائیں دیں۔ انہوں نے اسرائیل میں حالیہ دنوں ہونے والے دہشت گردانہ حملوں میں جانوں کے زیاں پر تعزیت کا بھی اظہار کیا۔

دونوں لیڈروں نے یوکرین کی صورتحال سمیت حالیہ جغرافیائی و سیاسی پیش رفت پر تفصیلی بات چیت کی۔ انہوں نے جاری دو طرفہ تعاون سے متعلق پہل کا بھی جائزہ لیا۔

وزیر اعظم نے آئندہ کی کسی قریبی تاریخ میں ہز ایکسی لینسی بینیٹ کا ہندوستان میں خیر مقدم کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔

نئی دہلی

اپریل 2022 04

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.